www.aidboxcommunity.co.uk

ایڈباکس کنیکشنز (AidBoxConnections)

تنہائیاں دور کرنے، دوستیاں اور کمیونٹیاں بنانے کیلئے

یہ سروس کس کے لیے ہے: - جو لوگ بے گھر (مہاجرین اور پناہ گزین) ہوں اور اب برسٹل میں رہ رہائش پذیر ہوں، وہ کسی دوست سے ملنا چاہتے ہوں اور کسی کمیونٹی کا حصہ محسوس کرنا چاہتے ہوں۔

یہ کام کیسے کرتا ہے: - ہم آپ کا موازنہ ایک ایسے 'کنیکشن فرینڈ' کے ساتھ کریں گے، جو دوستانہ شخص ہو اور برسٹل سے واقف بھی ہو اور ایک نیا دوست بنانے کا خواہشمند ہو۔ وہ آپ کو گپ شپ کے لیے ہفتے میں دو مرتبہ ایسے وقت پر کال کرے گا، جو آپ دونوں کے لیے موزوں ہو۔ 12 ہفتے کے بعد، آپ درج ذیل میں سے کچھ انتخاب کر سکتے ہیں:

1. آپ ABC کو ملوّث کیے بغیر، اپنی بڑھتی ہوئی دوستی کو جاری رکھ سکیں گے
2. چاہیں، تو رابطہ منقطع کر سکیں گے
3. کسی دیگر شخص سے مربوط ہو سکیں گے

ہم ان پورے 12 ہفتوں کے دوران آپ کے ساتھ رابطے میں رہیں گے اور اگر آپ کو کوئی مسئلہ پیش آتا ہے، تو ہم ہر وقت آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہوں گے۔

کنیکشن فرینڈ آپ کے ساتھ دوستی کرنے اور آپ کی تنہائی کا احساس دور کرنے کے لیے ہوتا ہے اور وہ آپ کے مسائل حل نہیں کرے گا اور نہ ہی آپ کو کوئی مشورہ دے سکے گا۔ ہمارے تمام کنیکشن فرینڈز نے برسٹل میں ایسی دستیاب شدہ سروسز کے بارے میں تربیت حاصل کی ہوئی ہوتی ہے جو مہاجرین اور پناہ گزینوں کو معاونت فراہم کرتی ہیں، تاکہ وہ مطلوبہ مدد حاصل کرنے میں آپ کی معاونت کر سکیں۔ ان کی کڑی نگرانی بھی کی جاتی ہے تاکہ ہم سب لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنا سکیں۔

ہر قسم کے رابطے فون، وٹس ایپ اور ویڈیو کال کے ذریعے ہوں گے - 12 ہفتے کے اس پروگرام کے دوران آپ ذاتی طور پر ملاقات نہیں کر سکیں گے۔

ایموجین اور نیومی ہمارے ایڈباکس کنیکشنز کوآرڈینیٹرز ہیں اور اگر آپ کو اس سروس کے حوالے سے کوئی خدشات یا مسائل ہوں، تو آپ ان کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔

- ایموجین imogen@aidboxcommunity.co.uk 07378 663110
- نیومی naomi@aidboxcommunity.co.uk 07378684891

رازداری کا بیان

ہم آپ کی جو معلومات شیئر کرتے ہیں اس میں صرف آپ کا نام اور ٹیلیفون نمبر شامل ہوتا ہے، ماسوائے یہ کہ ہمیں آپ کی یا کسی دوسرے شخص کی حفاظت کا کوئی خدشہ ہو۔ اگر آپ چاہیں، تو اپنے کنیکشن فرینڈ کے ساتھ دیگر کوئی معلومات بھی شیئر کر سکتے ہیں۔